الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ — دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Muhammad Sulaiman**
Address : **UAE**
Subject : **نماز**
Writer : مفتی عبد الوہاب

Serial No : **30119**
Date : **1/31/2017**
Contact No:
Email :

MODE: **Urgent**

Assalam o alaikum Mufti sb ! Namaz may pichli sf may akely bndy k 7 khra hony k bad agli sf may jo khali jga reh jati h os k bary may kia hukm h?

Sharjeel nam k mani please btaeyn aur sahaba kiram may ksi ka nam sharjeel h

مفتی صاحب! نماز میں پچھلی صف میں اکیلے بندے کے ساتھ کھڑے ہونے کے بعد اگلی صف میں جو خالی جگہ رہ جاتی ہے، اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

شرجیل نام کے معنی مہربانی کر کے بتائیں اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے کسی صحابی کا نام شرجیل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

(1)۔۔۔ صورتِ مسئولہ میں بعد میں آنے والے نمازی کو چاہیے کہ اگلی صف میں خالی جگہ پر کرے، پیچھے کھڑا نہ ہو، تاہم اگر کوئی شخص اگلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود پچھلی صف میں نماز پڑھے تو اس کی نماز ادا ہو جائے گی، لیکن اس طرح کرنا مکروہ ہے۔

(2)۔۔۔ اصل نام "شرحبیل" (ش، ر، ح، ب، ی اور ل) ہے، اور یہ ایک صحابی کا نام ہے "حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ"، پھر بعد میں کسی نے غلطی سے "شرجیل" لکھا یا پڑھا، اس کے بعد سے اسی طرح منقول چلا آرہا ہے، اس لیے اصل نام "شرحبیل" ہی لکھا اور پڑھا جائے۔

ففی الدر المختار: ولو وجد فرجة في الأول لا الثاني له خرق الثاني لتقصيرهم، وفي الحديث «من سد فرجة غفر له» وصح «خياركم ألينكم مناكب في الصلاة»

وفی حاشیة ابن عابدین: (قوله لتقصيرهم) يفيد أن الكلام فيما إذا شرعوا. وفي القنية قام في آخر صف وبينه وبين الصفوف مواضع خالية فللداخل أن يمر بين يديه ليصل الصفوف لأنه أسقط حرمة نفسه فلا يأثم المار بين يديه، دل عليه ما في الفردوس عن ابن عباس عنه - صلى الله عليه وسلم - «من نظر إلى فرجة في صف فليسدها بنفسه؛ فإن لم يفعل فمر مار فليتخط على رقبته فإنه لا حرمة له» أي فليتخط المار على رقبة من لم يسد الفرجة. اهـ. (570/1) .... واللہ أعلم بالصواب

عبد الوہاب عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی

13/جمادی الأولیٰ/1438ھ

الجواب صحیح

محمد ... دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

دار الافتاء 30119

11/2/17